اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پیشگی جدول بنانے کے فوائد



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

پیشگی جدول بنانے کے فوائد

اگر ہم دنیا و آخِرت میں سرخروئی چاہتے ہیں تو ہمارے لئے ضروری ہے کہ اپنے اوقات کو ایک مخصوص جدوَل کے مُطابِق تقسیم کرکے اسی کے مُطابِق زندگی بَسَر کریں، کیونکہ اللہ پاک کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے: بندے کا غیر مفید کاموں میں مشغول ہونا، اس بات کی عَلامت ہے کہ اللہ پاک نے اس سے اپنی نظرِ عنایت پھیر لی ہے اور جس مقصد کے لئے انسان کو پیدا کیا گیا ہے، اگر اس کی زندگی کا ایک لمحہ بھی اس کے علاوہ گزر گیا تو وہ اس بات کا حقدار ہے کہ اس پر عرصۂ حسرت دراز کر دیا جائے اور جس کی عمر 40 سال سے زیادہ ہو جائے اور اس کے باوُجود اس کی برائیوں پر اس کی اچھائیاں غالب نہ ہوں تو اسے جہنم کی آگ میں جانے کے لئے تیّار رہنا چاہئے۔
(مجموعۂ رسائل امام غزالی، ایہا الولد، ص ۲۷۵)

- پیشگی جدول بنانا، پورے ماہ میں بہت سارے دینی کام کرنے کی نیتیں بھی ہیں۔ صرف پیشگی جدول بنانے کی برکت سے کتنے سارے کاموں کی نیت کرنے کا ثواب ملے گا۔ ان شاءَ اللّٰہُ الکَریم
- پیشگی جدول بنانے سے غیر مفید کاموں سے بچیں رہیں گے، فرمان امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ: کرنے کے کام کرو ورنہ نہ کرنے کے کاموں میں پڑ جاؤ گے۔
- پیشگی جدول بنانے سے ہدف کے مطابق کام ہو گا اور جو کام ہدف کے ساتھ ہوتے ہیں، ان میں ترقی ہوتی ہے۔
- پیشگی جدول بنانے سے ہر کام کو اس کی اہمیت کے مطابق وقت دے سکیں گے۔
- جدول بنانے سے تمام تر توجہ اس کام کو سر انجام دینے میں صرف ہو گی۔
- روزانہ کے دینی کام پایہ تکمیل کو پہنچنے سے کام پینڈنگ نہیں ہوں گے۔

پیشگی جدول بنانے کے فوائد

- وقت کی پابندی کی عادت پیدا ہو گی۔
- جدول بنانے سے دینی کام بڑھیں گے۔
- پیشگی جدول بنا کر نگران کو بھیجنا ہمیں دینی کاموں کا پابند کرے گا۔
- نگران و ماتحت میں ذہنی ہم آہنگی پیدا ہو گی۔
- جدول کی بَرَکت سے دینی کاموں کی صورتحال کا پتا چلے گا۔
- پیشگی جدول بنانے سے پورے ماہ کی مصروفیت ہمارے سامنے ہو گی۔
- پیشگی جدول بنانے سے اپنے شعبے کے مسائل کو حل کرنے کے لئے مناسب وقت نکال سکیں گے۔

جدول نہ بنانے کے نقصانات

اگر ہم جَدْوَل نہیں بنائیں گے تو جہاں بہت سا وَقْت ضائع ہو گا وہیں بسا اَوقات کام میں یکسوئی بھی حاصِل نہیں ہو گی کیونکہ ایک کام کرتے وَقْت ذہن دوسرے کام میں لگا رہے گا، یوں کوئی بھی کام وَقْت پر نہیں ہو پائے گا۔

- جدول نہ بنانے سے دینی کاموں میں کمزوری آسکتی ہے۔
- جدول نہ بنانے سے سستی پیدا ہو سکتی ہے۔
- جدول نہ بنانے سے دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں کی ترقی میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔
- دینی کاموں کی کَیفِیَّت سے اپ ڈیٹ نہیں رہا جاسکے گا۔
- مدنی مرکز کی طرف سے ملے ہوئے اَہْدَاف کی بروقت تکمیل نہیں ہو سکے گی۔
- جدول نہ بنانے کی وجہ سے پوچھ گچھ نہیں ہو سکے گی۔
- جدول نہ بنانا ذمہ داران سے رابطہ ختم ہونے کا باعث بن سکتا ہے جس کی وجہ سے آپس میں بدگمانیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔
- پیشگی جدول نہ بنانے سے بعض اوقات دینی کاموں کی بہتات کی وجہ سے غیر فطری جدول بن سکتا ہے۔

ہمارا جدول کیسا ہونا چاہیئے۔۔۔؟

پیارے اسلامی بھائیو! ہمارا جَدْوَل چاہے عِبَادَت و رِیَاضَت کا ہو یا علم سیکھنے سکھانے کا ہو یا گھریلو کام کاج کا ہو یا دعوتِ اسلامی کے تنظیمی کاموں کا ہو، اَلْغَرَض کوئی بھی جَدْوَل ہو شَرِیعَت کے عین مُطابِق اور پیارے پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اسوۂ حسنہ اور دعوتِ اسلامی کے طَرِیقۂ کار کے مُطابِق ہونا چاہئے کیونکہ اگر ہمارا جدول شَرِیعَت اور دعوتِ اسلامی کے تنظیمی اصولوں کے مُطابِق ہو گا تو دینِ اسلام کا پرچار ہو گا اور دعوتِ اسلامی کی ترقی ہو گی۔

کامل جدول میں کیا کیا ہونا چاہئے۔۔۔؟

پیارے اسلامی بھائیو! یقیناً وہی جدول کامل جدول ہو گا، جس میں نمازِ پنجگانہ باجماعت مسجد میں ادا ہوتی ہوں، جبکہ کوئی عذرِ شرعی نہ ہو، فرائض و واجبات کی ادائیگی، انفرادی عبادت، ماں باپ کی خدمت، بہن بھائیوں کی دل جوئی، بال بچوں کی دینی تربیت، رزقِ حلال کا حُصُول، بر وقت سونا جاگنا، روز وقتِ مقررہ پر محاسبہ، روزانہ کے دینی کاموں میں شرکت و معاونت، مدنی دورہ اور ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت، ہفتے کو اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے مدنی مذاکرے میں اوّل تا آخر شرکت، ہر ماہ تین 3 دن، ہر 12 ماہ میں یکمشت ایک ماہ، عمر بھر میں کم از کم ایک بار یکمشت 12 ماہ، سب کچھ ہو۔

دُعا ہے زِندگانی یوں بَسَر ہو ثناء خوانی نبی کی عمر بھر ہو

شعبہ جدول

18 ذیقعدۃ الحرام 1442ھجری، 29 جون 2021ء

پاکستان مشاورت آفس